**Shabbir / Fazil**

**24-01-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج 18 ویں روزگار میلے میں 61 ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کریں گے۔

2- حکومت نے، 8 ہزار 300 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کا الیکٹریکل سامان تیار کرنے کا نشانہ حاصل کرنے کے مقصد سے، PLI اسکیم کے تحت 5 کمپنیوں کا انتخاب کیا ہے۔

3- انتخابی کمیشن نے فرائض کی انجام دہی میں کوتاہی اور خراب رویے کی صورت میں، بوتھ سطح کے افسران کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ دیا ہے۔

4- امدادِ باہمی کے وزیر امت شاہ، آج لکھنؤ میں اترپردیش کے یومِ تاسیس کی تقریبات منانے کیلئے ''ایک ضلع، ایک پکوان'' اسکیم کا آغاز کریں گے۔

5- ملک کا غیر ملکی زرِ مبادلہ، وسط جنوری تک 700 ارب ڈالرز تک پہنچ گیا۔

6- روس، یوکرین اور امریکی نمائندوں نے، ابوظہبی میں امن بات چیت کے پہلے دور کا انعقاد کیا۔ یہ مذاکرات آج بھی جاری رہیں گے۔

7- اور کرکٹ میں بھارت نے، رائے پور میں دوسرے T20 میں، نیوزیلینڈ کو 7 وکٹ سے ہرا کر، پانچ میچوں کی سیریز میں دو ایک سے سبقت حاصل کر لی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Rozgar Mela

وزیر اعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 18 ویں روزگار میلے میں، کئی سرکاری محکموں اور تنظیموں میں نئی نوکریاں حاصل کرنے والے 61 ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو تقرر نامے تقسیم کریں گے۔ اس موقعے پر جناب مودی اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ 18 واں روزگار میلہ ملک بھر میں 45 مقامات پر منعقد کیا جائے گا۔

نئ ملازمت حاصل کرنے والے امیدوار کو وزارتِ داخلہ،صحت و خاندانی بہبود کی وزارت، مالی خدمات سے متعلق محکمے، اعلیٰ تعلیم کے محکمے، دیگر شعبوں سمیت کئی وزارتوں اور محکموں میں جوائننگ دی جائے گی۔ روزگار میلہ سرکار کی ایک اہم پہل ہے، جس کا مقصد روزگار پیدا کرنا ہے۔ اس کی شروعات سے اب تک ملک بھر میں منعقد کیے گئے روزگار میلوں کے ذریعے 11 لاکھ سے زیادہ تقررنامے تقسیم کیے جا چکے ہیں۔×

Govt PLI White Goods

حکومت نے، بڑے الیکٹریکل سامان سے متعلق پیداوار سے مربوط ترمیم PLI کی اسکیم کے چوتھے مرحلے میں 5 کمپنیوں کا انتخاب کیا ہے، جن میں 863 کروڑ روپے کا سرمایہ لگایا جائے گا۔ تجارت اور صنعت کی وزارت نے بتایا کہ یہ 5 کمپنیاں، ایئر کنڈشنر اور اُس کے کُل پرزے بنانے میں سرگرم ہیں اور امید ہے کہ یہ مالی سال 2027-28 تک 8 ہزار 300 کروڑ روپے کی مجموعی پیداوار اور براہِ راست روزگار کے ایک ہزار 799 موقعے پیدا کرنے کا نشانہ حاصل کر لیں گی۔

وزارت نے بتایا کہ تازہ ترین مرحلے میں بڑے الیکٹریکل آلات کیلئے PLI اسکیم کے تحت کُل 85 کمپنیوں کو چُنا گیا ہے۔ اِن آلات میں ایئر کنڈشنرس اور LED لائٹس بھی شامل ہیں۔ ×

ECI BLO DIrection

بھارت کے انتخابی کمیشن نے بوتھ سطح کے افسران کی طرف سے فرائض کی انجام دہی میں کوتاہی اور بدسلوکی کے سبب، اُن کے خلاف تادیبی کارروائی کرنے سے متعلق ہدایات جاری کی ہے۔ یہ ہدایات سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اعلیٰ انتخابی افسران کو جاری کی گئی ہیں۔

CEOs کو جاری کیے گئے ایک خط میں کمیشن نے کہا کہ فرائض کی انجام دہی میں کوتاہی، غفلت، بدسلوکی، اِن ہدایات پر جان بوجھ کر عمل نہ کرنے یا عوامی نمائندگی، قانون 1950 کی شقوں اور ووٹروں کے رجسٹریشن سے متعلق 1960 کے ضابطوں کی خلاف ورزی کرنے پر سخت کارروائی کی جائے گی، جس میں معطّلی بھی شامل ہے۔

ہدایات میں مزید کہا گیا ہے کہ کسی بوتھ سطح کے افسر کی کوئی ایسی حرکت یا غفلت، جس سے اُس کی سرکاری فرائض کی انجام دہی کے دوران چناؤ فہرست کی صحیح صورتحال، دیانتداری یا اعتبار پر برا اثر پڑتا ہو، اُس سے سختی سے نمٹا جائے گا۔

کمیشن نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر ضرورت ہوئی تو مجرمانہ بدسلوکی کی صورت میں FIR بھی درج کی جا سکتی ہے۔×

Prez Granths Kutir

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل راشٹرپتی بھون میں گرنتھ کوٹیر کا افتتاح کیا۔ کوٹیر میں تقریباً 50 مخطوطوں اور بھارت کی 11 کلاسیکل زبانوں کی دو ہزار 300 کتابوں کا مجموعہ ہے۔ اِس مجموعے میں داستانیں، فلسفے، لسانیات، تاریخ، حکمرانی، سائنس اور بھکتی ادب، نیز اِن زبانوں میں بھارتی آئین جیسے بہت سے مضامین شامل ہیں۔

اِس کوٹیر کو قائم کرنے کا مقصد بھارت کی مالامال ثقافت اور ادبی وراثت کے بارے میں شہریوں میں بیداری میں اضافہ کرنا ہے اور تنوع میں اتحاد کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔

صدر جمہوریہ مرمو نے اِس موقعے پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گرنتھ کوٹیر، بھارت کی کلاسیکل زبانوں کے تحفظ اور فروغ کی جانب، راشٹرپتی بھون کی اجتماعی کوششوں کا حصہ ہے۔×

Shah UP Day

امورِ داخلہ اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج لکھنؤ میں اترپردیش کے یومِ تاسیس کی تقریب میں مہمانِ خصوصی کے طور پر خطاب کریں گے۔ اِس تقریب کا انعقاد راشٹر پریرنا استھل پر کیا جائے گا۔

اِس موقع پر جناب شاہ ون ڈسٹرکٹ وَن کیوزین اسکیم کا آغاز کریں گے۔ اِس پہل کے تحت اترپردیش کے ہر ضلعے کے منفرد روایتی پکوان کی شناخت کی جائے گی اور اُسے معیاری بہتری برانڈنگ اور بازار رسائی سے منسلک کیا جائے گا، تاکہ انھیں نہ صرف علاقائی بلکہ قومی اور عالمی سطح پر پہچان مل سکے۔

تقریبات کے دوران وزیر موصوف سردار پٹیل صنعتی زون پروگرام کا افتتاح بھی کریں گے۔ جناب شاہ اُن اضلاع کو ایوارڈ سے نوازیں گے جنھوں نے اترپردیش حکومت کی مکھیہ منتری Yuva Udyami Vikas Youja اسکیم کے تحت شاندار کارکردگی پیش کی ہے۔ وہ اترپردیش گورو سمّان 2025-26 بھی عطا کریں گے۔

India Energy Week

انڈیا انرجی ویک IEW - 2026 کا انعقاد 27 جنوری سے 30 جنوری تک گوا میں کیا جائے گا۔ کل شام پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا کہ IEW توانائی کی یقینی فراہمی، اقتصادی ترقی اور پائیداریت کے تئیں بھارت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

S/B- PURI

انہوں نے کہ اس چار روزہ تقریب سے بھارت کو توانائی سے متعلق اہم عالمی ہب کا درجہ ملے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- ANKIT

انڈیا انرجی ویک 2026 میں 75 ہزار مندوبین، چھ سو سے زیادہ نمائش کار شرکت کریں گے جن میں 180 بین الاقوامی نمائش کار، پانچ سو سے زیادہ مقررین اور 120 سے زیادہ کانفرنس سیشن شامل ہیں۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ متحدہ عرب امارات، کینیڈا، نیدر لینڈس اور عُمان کے 17 وزراء اور نائب وزراء نے اِس میں شرکت کی تصدیق کی ہے۔ بین الاقوامی انرجی فورم BIMSTEC اور یوریشیائی اقتصادی یونین جیسی بین الاقوامی تنظیمیں بھی اِس میں شرکت کریں گی۔

جناب پوری نے بتایا کہ اصل کانفرنس کے علاوہ الگ سے کئی پروگرام اور گول میز مباحثے منعقد کیے جائیں گے۔ اِن میں نواں وزیرِاعظم راؤنڈ ٹیبل شامل ہے، جس میں وزیرِاعظم نریندر مودی توانائی اور ٹیکنالوجی کی عالمی کمپنیوں کے CEO سرکاری شعبے کی کمپنیوں اور نجی شعبے کے رہنماؤں سے بات چیت کریں گے۔

دلی سے انکت کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

Forex Reserves

بھارت کے غیر ملکی زرِ مبادلہ میں 16 جنوری کو ختم ہفتے کیلئے 14 ارب 16 کروڑ امریکی ڈالر سے زیادہ کا، خاطر خواہ اضافہ ہوا اور زرِ مبادلہ کی مالیت 701 ارب امریکی ڈالر سے زیادہ ہو گئی۔

بھارتیہ ریزرو بینک کے مطابق غیر ملکی کرنسی اثاثے جو زرِ مبادلہ کے سب سے بڑے جزو ہوتے ہیں، اِن میں بھی اِس ہفتے کے دوران 9 ارب 60 لاکھ ڈالر سے زیادہ کا اضافہ ہوا اور یہ 560 ارب 50 کروڑ ڈالر کی مالیت تک پہنچ گئے۔ غیر ملکی کرنسی کے اثاثوں میں تبدیلی کی وجہ یورو، پاؤنڈ اور Yen جیسی کرنسیوں میں اُتار چڑھاؤ رہی۔

سونے کے ذخائر میں 4 ارب 60 کروڑ امریکی ڈالر تک کا اضافہ ہوا اور یہ 117 ارب 40 کروڑ امریکی ڈالر مالیت پر پہنچ گئے۔ ×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Pragati Spcial Story

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق وزیرِاعظم کے سرکردہ پلیٹ فارم پرگتی نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ہی ایک اہم سنگِ میل حاصل کیا ہے۔ اِس کا آغاز سال 2015 میں وزیرِاعظم نریندر مودی نے کیا تھا۔ اور اُس وقت پرگتی پلیٹ فارم نے وزیرِاعظم کے براہِ راست جائزے کے ذریعے حکمرانی کے عمل کی کایا پلٹ کی ہے اور ایسا بروقت نگرانی اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور دیگر عوامی شکایات کا ازالہ کرکے کیا گیا ہے۔

اس خصوصی سریز میں آج ہمارے نامہ نگار چھتیس گڑھ میں NH 30 کے Raipur-Kodebod کو چار لین میں بدلنے کے کام کا جائزہ پیش کر رہی ہے۔

V/C Akshit

NH-30 کے 43 کلومیٹر طویل RAIPUR-KODEBOD سیکشن پر چار لین کی تعمیر چھتیس گڑھ میں شاہراہ کو جدید طرز پر ڈھالنے کی سمت میں بڑا قدم ہے۔ اس پروجیکٹ کو شاہراہوں کی ترقی سے متعلق قومی پروگرام کے تحت بھارت کی قومی شاہراہوں کی اتھارٹی NHAI- - نے نافذ کیا ہے۔ اس پروجیکٹ کو ستمبر 2016 میں منظوری دی گئی تھی، جس کے لیے 987 کروڑ 88 لاکھ روپے رقم منظور کی گئی تھی۔ اس پروجیکٹ میں Material کی سپلائی سے متعلق رکاوٹیں اور بین وزارتی تال میل سے متعلق چیلنجز بھی آئے۔

فروری 2023 میں پرگتی کے تحت اس پروجیکٹ کا جائزہ لیا گیا جس کے نتیجے میں زمین سے متعلق زیر التوا مسئلے اور Material کی فراہمی کے مسائل پر توجہ دی گئی۔

یہ پروجیکٹ سو فیصد مکمل ہوا اور 20 جون 2023 کو اِس پر کام شروع کیا گیا۔ نیوز ڈیسک سے اکشت کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..........

Republic Day Preparations

پیر کو قومی راجدھانی میں کرتویہ پتھ پر 70 ویں یومِ جمہوریہ کی تقریبات کی تیاریاں زور شور سے جاری ہیں۔ پریڈ میں ملک کی ثقافت کے منفرد امتزاج، اِس کی فوجی طاقت اور اِس کی شاندار وراثت کی نمائش کی جائے گی۔

کل بارش کے دوران کرتویہ پتھ پر یومِ جمہوریہ کی پریڈ کی فُل ڈریس ریہرسل کی گئی۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے دلّی ذیلی ضلعے کے چیف آف اسٹاف میجر جنرل نَوراج ڈھلوں نے کہا کہ اِس یومِ جمہوریہ کے موقعے پر بھارتی فوج، آپریشن سندور سے متعلق ایک جھانکی پیش کرے گی، جس میں ملک کی فتح اور آپریشن کے دوران فوج کی تینوں شاخوں کی کارکردگی کی ہم آہنگی کو نمایاں کیا جائے گا۔

S/B - Major General Navraj Dhillon

ایئر کوموڈور منیش سبروال نے بتایا کہ آپریشن سندور سے متعلق جھانکی میں، ایس یوتیس کے ذریعے، ایک برہموز کو علامتی طور پر داغے جانے کا منظر پیش کیا جائے گا، جس نے پاکستان کے ایک ٹھکانے کو تباہ کیا تھا۔ اِس جھانکی میں ایس چارسو جیسے فضائی دفاعی آلات کی نمائش کی جائے گی، جس نے دنیا میں سب سے لمبی دوری پر، پاکستانی فضائیہ کے ٹھکانوں پر وار کیا تھا۔

دلّی میٹرو، کرتویہ پتھ پہنچنے میں آسانی کیلئے پیر کو سبھی لائنوں پر رات تین بجے اپنی خدمات شروع کر دے گی، تا کہ لوگ یومِ جمہوریہ کی تقریبات کا نظارہ کر سکیں۔×

Russia Ukrain US Talks

روس، یوکرین اور امریکہ کے نمائندوں نے کُل متحدہ عرب امارات میں، ابوظہی میں بات چیت کا انعقاد کیا۔ یہ، روس-کیف بحران کے حل کے سلسلے میں سہ ملکی بات چیت کا پہلا راؤنڈ ہے۔ میٹنگ میں سبھی تینوں ملکوں نے شرکت کی۔ روس اور یوکرین کے درمیان یہ تنازعہ تقریباً 4 سال پہلے شروع ہوا تھا۔

امریکی افسران نے بتایا کہ یہ بات چیت نتیجہ خیز رہی، جو آج بھی جاری رہے گی، جبکہ یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے کہا کہ روس کے صدر ولادیمیر پتن کو اِس جنگ کے خاتمے کیلئے تیار رہنا چاہیے، جو انہوں نے شروع کی تھی۔

کُل شام اِس اہم امن بات چیت کے پہلے دن جناب زیلنسکی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ اِس سہ ملکی میٹنگ کے نتائج اخذ کرنا قبل از وقت ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ وہ دیکھیں گے کہ آج بات چیت کس طرح آگے بڑھتی ہے اور اِس کے کیا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

البتہ اہم نکات، علاقائی معاملات رہیں گے، جن میں روس کا یہ مطالبہ بھی شامل ہے کہ یوکرین، Donetsk خطّے میں سے وہ 25 فیصد حصہ بھی چھوڑ دے، جس پر اب بھی کیف کا کنٹرول ہے۔

یہ سہ ملکی میٹنگ، صدر ولادیمیر پتن اور امریکی ایلچیوں Steve Witkoff اور Jared Kushner کی، ماسکو میں ایک طویل میٹنگ کے بعد کی گئی ہے، جسے روس نے کارآمد بتایا ہے۔×

Hasina Bangladesh

بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کو لاقانونیت، عدم سلامتی اور اقلیتوں پر ظلم و زیادتیوں کا سامنا ہے اور ہجومی تشدد، نیز انتہا پسندی، ملک گیر سطح پر پھیل رہی ہے۔

کُل شام نئی دلّی میں ایک آڈیو پیغام میں، نامہ نگاروں سے مخاطب ہوتے ہوئے محترمہ حسینہ نے کہا کہ بنگلہ دیش فی الحال افراتفری کے درپے ہے اور وہ تاریخ کے سب سے مشکل دور سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے آزاد اور شفاف انتخابات کیلئے جمہوریت کی بحالی، تشدد اور لاقانونیت کے خاتمے، شہری خدمات کی ٹھیک ڈھنگ سے فراہمی، مذہبی اقلیتی گروپوں خواتین، بچیوں اور سماج کے سب سے زیادہ حساس طبقوں کی حفاظت کی یقین دہانی سمیت مختلف کارروائیوں کا مطالبہ کیا۔

انہوں نے بنگلہ دیش کے عوام پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنی کوششوں سے دست بردار نہ ہوں۔ انہوں نے جمہوریت کی بحالی کیلئے عوام سے حمایت کرنے کو کہا۔ ×

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں نہایت گھنے کہرے کا اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے کل مدھیہ پردیش، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی علاقے اور سکم میں بھی گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اُس نے کل تک ہماچل پردیش کے دور دراز کے مقامات پر سرد لہر کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

Cricket T20

مردوں کے کرکٹ میں: کل رات رائے پور میں کھیلے گئے دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت نے نیو زیلینڈ کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔ اس طرح پانچ میچوں کی سریز میں بھارت نے دو۔صفر سے سبقت حاصل کرلی ہے۔

جیت کیلئے مقررہ 209 رن کے نشانے کو بھارت نے 15 اعشاریہ دو اوورس میں تین وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ کپتان سوریہ کمار یادو بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بغیر آؤٹ ہوئے 37 گیندوں میں 82 رن بنائے جبکہ ایشانت کشن نے 32 گیندوں میں 76 رن بنائے۔

اس سے قبل، ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مہمان ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 208 رن بنائے۔ ایشان کشن کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اس جیت کے ساتھ بھارت نے سریز میں دو صفر کی سبقت حاصل کرلی ہے۔ پہلے میچ میں بھارت نے 48 رن سے جیت حاصل کی تھی، سیریز کا تیسرا میچ کل گوہاٹی میں کھیلا جائے گا۔x

WB CEO AIR

مغربی بنگال میں، چناوٴ فہرستوں پر جاری خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کے عمل کے دوران اعلیٰ انتخابی افسر CEO کے دفتر نے سبھی ضلع انتظامیہ کو ہدایات دی ہیں کہ وہ سماعت یا نظرثانی کے عمل کے دوران، نظم و ضبط کی صورتحال کسی بھی طرح بگڑنے کے معاملے میں فوری طور پر FIR درج کریں۔ ہدایات میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اگر صورتحال کا تقاضہ ہو، تو SIR سے متعلق سماعت کو غیر معینہ مدّت کیلئے معطل بھی کیا جا سکتا ہے۔ یہ ہدایات 19 جنوری کے سپریم کورٹ کے حکم کے سلسلے میں جاری کی گئی ہیں۔ سبھی ضلع انتخابی افسران کو لکھے گئے ایک خط میں CEO کے دفتر نے زور دے کر کہا ہے کہ سماعت کے مرکزوں یا متعلقہ سرکاری دفتروں میں SIR عمل میں مصروف افسران اور عملے کے خلاف توڑ پھوڑ، دھمکیوں یا حملوں کی صورت میں اس کی اطلاع، مقامی پولیس اسٹیشن کو بلاتاخیر دی جائے۔ اِن شکایات کی نقلوں کو پولیس سپرنٹنڈنٹ اور اعلیٰ انتخابی افسر کے دفتر کو بھیجا جائے۔

خط میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اگر کسی علاقے میں تشدد برپا ہوتا ہے یا سرکاری املاک کو نقصان پہنچتا ہے، تو SIR سے متعلق سماعتوں کو اُس وقت تک معطل رکھا جائے، جب تک اعلیٰ انتخابی افسر کی طرف سے، بحالی کی واضح طور پر منظوری نہ دے دی جائے۔ ×

Table Tennis

ٹیبل ٹینس میں، Manush Shah اور Diya Chitale پر مشتمل بھارتی جوڑی نے کل عمان میں جاری، WTT Contender مسقط 2026، کے مکسڈ ڈبلز کا خطاب جیت لیا۔

تیسرے سیڈ کی اس بھارتی جوڑی نے چین کی چوتھے سیڈ کی Huang Youzheng اور Shi Xunyao کی جوڑی کو فائنل مقابلے میں تین۔دو سے شکست دی۔

سردست WTT Contender مقابلے میں دنیا کے آٹھویں نمبر کے Manush اور دِیا کی جوڑی نے مکسڈ ڈبلز کا یہ دوسرا خطاب جیتا ہے۔

اِس سے پہلے ان دونوں کھلاڑیوں نے پچھلے سال اپریل میں WTT Contender ٹینس کا خطاب حاصل کیا تھا۔

WTT Contender ٹورنامنٹ میں عالمی درجہ بندی کیلئے پوائنٹ حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے جس کے ذریعے کھلاڑیوں کو اعلیٰ سطح کے WTT چیمپئنز اور گرانڈ Smash مقابلوں کیلئے کوالیفائی کرنے میں مدد ملتی ہے۔x

Punjab Terror Module

پنجاب پولیس نے کہا ہے کہ اس نے کل شام امرتسر اور ہوشیار پور میں ممنوعہ ببر خالصہ بین الاقوامی BKI تنظیم کے پانچ کارندوں کو گرفتار کرکے دہشت گردی کے دو Modules کا پردہ فاش کیا ہے۔ پولیس نے ریاست بھر سے بڑی مقدار میں ہتھیار، گولہ بارود اور RDX پر مبنی دھماکہ خیز مادے بھی ضبط کیے ہیں۔

پولیس نے ہوشیار پور میں BKI کے چار کارندوں کو گرفتار کیا ہے اور اُن کے قبضے سے RDX پر مبنی ڈھائی کلوگرام دیسی ساخت کے دھماکہ خیز مادے اور دو پستول برآمد کیے ہیں۔ امرتسر میں کی گئی ایک دوسری کارروائی میں پولیس نے BKI کے ایک کارندے کو گرفتار کرکے سیکورٹی تنظیم پر کیے جانے والے اچانک حملے کو ناکام بنا دیا۔ اُس کے قبضے سے جدید ترین پستول اور دھماکہ خیز مادوں سے سمیت ایک ہتھ گولہ برآمد کیا گیا ہے۔ مزید چھان بین جاری ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر
شکریہ -اسلم بیگ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے کیرالہ اور تمل ناڈو کے دورے کی خبروں کو شہ سرخی بنایاہے۔ دورے کے دوران وزیراعظم نے دونوں ریاستوں میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا۔

وزیراعظم نے ''پراکرم دیوس' کے موقع پر نیتاجی سبھاش چندر بوس کے یوم پیدائش پر انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا اور کہا کہ ان کی بے خوف قیادت اور حب الوطنی کا جذبہ آنے والی نسلوں کو ایک مضبوط بھارت کی تعمیر کی ترغیب دیتا ہے۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اہمیت دی ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ہاتھوں گیارہ کلاسیکی زبانوں کی 2300 کتابوں کے مجموعے گرنتھ کُٹیر کا افتتاح کیے جانے کی خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ گرنتھ کُٹیر بھارت کی کئی کلاسیکی زبانوں کے مخطوطات اور کتابوں کا بھرپور ذخیرہ ہے۔

یوم جمہوریہ کی تقریبات سے قبل کرتویہ پتھ پر فُل ڈریس ریہرسل، دلی میں بارش سے درجۂ حرارت میں پھر سے گراوٹ اور فضائی آلودگی کی سطح میں کمی۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس سمیت دیگر اخبارات نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

جبکہ روزنامہ انقلاب نے امریکی بحری بیڑے کے ایران کی طرف روانہ ہونے اور حملے کا خطرہ برقرار رہنے سے متعلق خبر کو پہلی خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج 18 ویں روزگار میلے میں 61 ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کریں گے۔

2- حکومت نے، 8 ہزار 300 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کا الیکٹریکل سامان تیار کرنے کا نشانہ حاصل کرنے کے مقصد سے، PLI اسکیم کے تحت 5 کمپنیوں کا انتخاب کیا ہے۔

3- انتخابی کمیشن نے فرائض کی انجام دہی میں کوتاہی اور خراب رویے کی صورت میں، بوتھ سطح کے افسران کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ دیا ہے۔

4- امدادِ باہمی کے وزیر امت شاہ، آج لکھنؤ میں اترپردیش کے یومِ تاسیس کی تقریبات منانے کیلئے ''ایک ضلع، ایک پکوان'' اسکیم کا آغاز کریں گے۔

5- ملک کا غیر ملکی زرِ مبادلہ، وسط جنوری تک 700 ارب ڈالرز تک پہنچ گیا۔

6- روس، یوکرین اور امریکی نمائندوں نے، ابوظہبی میں امن بات چیت کے پہلے دور کا انعقاد کیا۔ یہ مذاکرات آج بھی جاری رہیں گے۔

7- اور کرکٹ میں بھارت نے، رائے پور میں دوسرے T20 میں، نیو زیلینڈ کو 7 وکٹ سے ہرا کر، پانچ میچوں کی سیریز میں دو ایک سے سبقت حاصل کر لی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---